معاہدہ بابت سافٹ ویئر

فریق اول Xerox Soft (Pvt.) Ltd. پشاور

فریق دوم: ____________________

____

نوٹ: فریقین معاہدے کے مطابق مندرجہ ذیل تمام شرائط پر عمل کرینگے۔ کسی ایک شرط کی خلاف ورزی مکمل معاہدے کی خلاف ورزی تصور کی جائے گی۔ فریق دوم کسی بھی سافٹ ویئر کی رجسٹریشن کی خریداری سے پہلے پوری تسلی کرلے کہ مذکورہ سافٹ ویئر اس کے کاروبار کیلئے موزون ہے یا نہیں۔ پوری تسلی کے بعد سافٹ ویئر کی انسٹالیشن کرا کے رجسٹریشن خریدے۔

1۔ اگر سافٹ ویئر کیلئے ہارڈ ڈسک کی رجسٹریشن لی گئی ہے تو اگر رجسٹرڈ ہارڈ ڈسک خراب ہو جائے۔ تو مذکورہ ہارڈ ڈسک Xerox Soft (فریق اول) کے حوالے کر کے تبادلے کے بنیاد پر سافٹ ویئر کی کل قیمت کے نصف رقم کی ادائیگی پر دوسرے ہارڈ ڈسک کیلئے رجسٹریشن دی جائے گی۔ اگر فریق دوم کسی بھی وجہ سے اپنا پرانا رجسٹرڈ ہارڈ ڈسک فریق اول کو حوالے کرنے کیلئے تیار نہیں تو نئی ہارڈ ڈسک کیلئے سافٹ ویئر کی پوری قیمت دے کے رجسٹریشن ملے گی۔

2۔ ہارڈ ڈسک رجسٹریشن کی صورت میں کسی بھی دوسرے کمپیوٹر کیلئے نیا رجسٹریشن لینا ہوگا۔ خواہ اسی ڈیٹا اور کمپیوٹر کے ساتھ نیٹ ورک پہ لگانا ہو یا الگ سے استعمال کرنا ہو۔

3۔ اگر سافٹ ویئر کی رجسٹریشن سسٹم آئی ڈی پر لی گئی ہو جس میں پروسسر، بائیوس اور مین بورڈ کی آئی ڈیز شامل ہوں تو اگر کمپیوٹر سسٹم خراب ہو جائے۔ اگر رجسٹریشن کی مدت تین ماہ سے کم ہو تو خراب سسٹم کو فریق اول کے حوالے کرے اور مفت میں نیا رجسٹریشن دیا جائے گا۔ اگر رجسٹریشن مدت تین ماہ یا اس سے زائد ہو۔ تو رجسٹریشن کمپیوٹر کے ساتھ ختم تصور ہوگی۔ اور دوسرے کمپیوٹر کیلئے سافٹ ویئر کی مکمل قیمت ادا کر کے نیا رجسٹریشن لینا ہوگا۔

4۔ رجسٹریشن کا مطلب کسی فرد، کاروبار یا کسی ادارے کی رجسٹریشن نہیں ہوگی بلکہ کسی خاص کمپیوٹر سسٹم یا ہارڈ ڈسک کی سیریل نمبر کی رجسٹریشن ہوگی۔ جس میں بائیوس، مین بورڈ اور پراسسر کی سیریل کو محفوظ کر کے اس کے مطابق رجسٹریشن کوڈ محفوظ کیا جاتا ہے۔

5۔ کمپیوٹر کے مالک فرد یا ادارے کو رجسٹرڈ سسٹم میں سافٹ ویئر کے استعمال کا حق دیا جاتا ہے نہ کہ ملکیت۔ اسے کسی دوسرے سسٹم، ہارڈ ڈسک یا کسی اور شخص کے کاروبار کیلئے دوسرے سسٹم میں انسٹال نہیں کیا جائے گا۔ ایسا ثابت ہونے کی صورت میں فریق دوم کی اپنے سسٹم کی رجسٹریشن ختم تصور ہوگی۔ اور وہ اس کے استعمال کا حق کھو دے گا۔

6۔ ایک دفعہ رجسٹریشن لینے کے بعد اس کی واپسی نہیں ہوگی۔

7۔ انسٹالیشن کے وقت سافٹ ویئر کی جو بھی قیمت ہوگی۔ یہ قیمت سافٹ ویئر کی موجودہ حالت میں اور موجودہ ورژن کیلئے ہوگی۔ سافٹ ویئر میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کیلئے الگ سے معاہدہ کرنا ہوگا۔ جس میں اضافی اخراجات اور سافٹ ویئر میں تبدیلی کیلئے مزید وقت کا تعین شامل ہوگا۔

8۔ سافٹ ویئر کی متعین کردہ قیمتیں فریق اول کے دفتر یا آن لائن انسٹالیشن کی صورت میں ہونگی۔ فریق دوم کے مطلوبہ جگہ پر جانے کیلئے ٹرانسپورٹیشن، وقت اور دیگر اخراجات اصل قیمت کے علاوہ لیئے جائینگے۔

9۔ سافٹ ویئر کے انسٹالیشن سے لے کر 2 ماہ تک کی عبوری مدت ہوگی۔ جس میں فریق دوم کے سافٹ ویئر کے متعلق سوالات اور مفت سروسز فراہم کئے جائینگے۔ جس میں فریق دوم کے رجسٹرڈ سسٹم میں ونڈوز انسٹالیشن کے بعد سافٹ ویئر کو دوبارہ فعال کرنا، یا ڈیٹا میں کوئی مسئلہ آجانے کی صورت میں اس کو ٹھیک کرنا شامل ہے۔ عبوری مدت گزر جانے کے بعد فریق دوم کسی بھی قسم کی سروسز لینا چاہے یا ڈیٹا میں خرابی یا کوئی اور مسئلہ ہو تو فریق دوم اس کے چارجز دینے کا پابند ہوگا۔

10۔ فریق دوم اگر کسی رجسٹرڈ سسٹم میں ہماری کمپنی کا کوئی دوسرا سافٹ ویئر انسٹال کرانا چاہے جو کہ مختلف ساخت یا مختلف ورژن کا ہو تو فریق دوم اس کی الگ سے رجسٹریشن خریدے گا۔

11۔ فریق اول فریق دوم کے کسی ایک فرد کو سافٹ ویئر کی مناسب اور ابتدائی ٹریننگ دے گا۔ ڈیٹا انٹری اور اس کی بیک اپ فریق دوم کی ذمہ داری ہوگی۔

12۔ انسٹالیشن کے دوران سسٹم میں موجود کوئی بھی دوسرا سافٹ ویئر یا ہارڈ ویئر کی خرابی کی فریق اول پر ذمہ داری لازم نہیں آئے گی۔

13۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا تمام شرائط بغور پڑھے ہیں اور میں ان سب شرائط کو تسلیم کرتا ہوں۔

Software Name: ____________________ **System ID/HDS:** ____________________

فریق اول	فریق دوم
Name: ____________	Name: ____________
Signature ____________	Signature ____________
Date: ____________	Date: ____________